Member AKNS
www.dailydhartiajk.com
dailydharti@gmail.com
ماہنامہ ادبی و تنقیدی مجلہ اشاعت
روزنامہ
کشمیر دھرتی
راولاکوٹ
چیف ایڈیٹر: عابد صدیق
ایڈیٹر: اعجاز قمر
جلد 20 | 05 نومبر 2022ء | 10 ربیع الاول 1444ھ | 21 آشر 2079ء بکرمی | شمارہ 04 | ٹوٹل 16 صفحات | قیمت 15 روپے | فون نمبر 291

بجائے چلنے والے کارڈیو کی درآمد پر ٹیکس چھوٹ پہلے ایک ہزار موٹر بائیسکل کی خریداری کا اعلان

مدرسوں اور تعلیمی اداروں میں تشدد پر مکمل پابندی ہے، تمام تعلیمی اداروں میں چھ ماہ میں سی ٹی وی کیمرے انسٹال کیے جائیں گے، وزیراعظم

بہت جلد بزرگ پنشنرز کو پنشن ان کے گھر سے ہی دی جائے گی، سگریٹ پر 200 فیصد ٹیکس لگا رہے ہیں، وزیراعظم

پاکستان ڈاکٹروں کی قابلیت کا دنیا میں اعتراف ہے، امریکہ میں 60 فیصد ڈاکٹرز پاکستانی ہیں، وزیراعظم

پاکستانی ڈاکٹرز کو امریکہ میں خوش آمدید کہا جاتا ہے، وزیراعظم

پونچھ ڈویژن میں میئرز، چیئرمینز کیلئے جوڑ توڑ شروع

پونچھ ڈویژن میں 88 نشستوں پر پی ٹی آئی 34، پی ایم ایل این 21، پی پی پی 14، جے کے پی ایل 5، مسلم کانفرنس 5، آزاد 4 اور پی ٹی آئی 1 نشست پر آگے

سرحدی علاقوں میں 29 یونین کونسلوں میں پی ٹی آئی 10، پی ایم ایل این 6، پی پی پی 5، آزاد امیدوار 5 اور جے کے پی ایل 1 نشست پر آگے

پونچھ ڈویژن کی 787 نشستوں میں سے 708 کے نتائج موصول، پی ٹی آئی 229 نشستوں کے ساتھ پہلے، پی ایم ایل این 129 کے ساتھ دوسرے، پی پی پی 104 کے ساتھ تیسرے، جے کے پی 28 نشستوں کے ساتھ چوتھے نمبر پر

ضلع کونسلوں کی چیئرمین شپ کیلئے پونچھ اور حویلی میں پی ٹی آئی، ضلع پرشوتھ راولاکوٹ اور ضلع پرشوتھ باغ میں پی پی پی آگے، پی ٹی آئی کا بھی اچھا امکان

11 بلدیاتی حلقوں میں ضمنی انتخابات کا تحریک انصاف کو فائدہ، پی ٹی آئی کا 5 حلقوں میں کامیابی کا امکان

مظفرآباد و پونچھ ڈویژن میں تحریک انصاف کی شاندار کامیابی کے بعد میر پور ڈویژن میں بھی تحریک انصاف میدان مارے گی

مظفرآباد و پونچھ ڈویژن میں تحریک انصاف کی شاندار کامیابی کے بعد میر پور ڈویژن میں بھی تحریک انصاف میدان مارے گی

تمام سازشوں کے باوجود ایک مرتبہ پھر مظفر آباد پونچھ میں مکمل کامیابی حاصل کرنے پر شاہ غلام قادر، وزیر خزانہ چوہدری یاسر اور وزیر اطلاعات عبدالقیوم نیازی کو مبارکباد پیش کرتا ہوں، وزیراعظم

سینئر وزیر سردار تنویر الیاس خان نے کشمیری عوام کو آنکھ سکھرنی اور ہاتھ دکھلانے والوں کو ووٹ کی طاقت سے دندان شکن جواب دیا، وزیراعظم

مظفرآباد و پونچھ ڈویژن کے بلدیاتی انتخابات میں پاکستان تحریک انصاف کو شاندار کامیابی پر دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں، وزیراعظم

وزیراعظم سردار تنویر الیاس خان نے کشمیری عوام کو آنکھ سکھرنی اور ہاتھ دکھلانے والوں کو ووٹ کی طاقت سے دندان شکن جواب دیا، وزیراعظم

فیصل واوڈا آئندہ انتخابات لڑنے کیلئے اہل ہوں گے، فیصلہ جاری

فیصل واوڈا سینیٹ کی نشست سے اپنا استعفیٰ فوری چیئرمین سینیٹ کو بھجوائیں

حق مہتی وسائل متعین کرنے کا وجود کو تشکیت سے دوچار ہونا پڑا، فاروق حیدر

ہم نے آئی جی چیف کا یہ الفاظ کی پالیسیوں کا دارومدار ہوتا ہے، وزیراعظم

پوری جنڈالہ، بگوئیں میں پی ٹی آئی کے امیدواران کامیاب

سندھ بلڈنگ اتھارٹی کے ڈائریکٹر جنرل کی ٹارگٹ کلنگ کے خلاف لگے گی، عمران خان

آزاد جموں کشمیر کی عوام کو عمران خان کے وژن کے مطابق وزیراعظم وصدر پی ٹی آئی آزاد کشمیر سردار تنویر الیاس خان نے وعدے کے مطابق بلدیاتی الیکشن کا بلیو پرنٹ تیار کر دیا ہے۔

مظفر آباد وژن کے بعد پونچھ ڈویژن کے بلدیاتی انتخابات میں پاکستان تحریک انصاف سب سے بڑی پارٹی عوامی بن کر سامنے آئی ہے

اس ہیرو کا سیاسی پروگرام سردار تنویر الیاس خان کا شکریہ ادا کرتے ہیں اور پی ٹی آئی کے تمام امیدواران کو شاندار کامیابی پر مبارکباد پیش کرتے ہیں

منجانب: سردار افغان نواز
معاون خصوصی برائے سیاست وزیراعظم آزاد کشمیر

چوہدری محمد ایوب مرحوم میرے دیرینہ ساتھی تھے، میر سٹر سلطان

تیر ترچھا اور لوگوں کی فلاح و بہبود کے لیے کام یہ خیالوں انجام دے

1984ء میں میری سیاست کا آغاز ہوا دوسرے سال 1985ء میں میں نے کامیابی حاصل کی، چوہدری ایوب مرحوم میرے دیرینہ ساتھی تھے میں نے

بینک آف ایبک کا منافع 50 ارب روپے کی تاریخی سطح پر پہنچ گیا

ریاستی بینک کے قیام 2019 میں مجموعی طور پر 1.78 ارب روپے منافع حاصل، 571 ملین روپے ٹیکس ادا کیا گیا

تین سال سے بھی کم عرصہ میں حاصل منافع اور ادا کردہ ٹیکس کی رقم گذشتہ 14 سال کے مجموعی منافع اور ادا کردہ ٹیکس سے زیادہ ہے، صدر

5 ماہ کے دوران 14 نئی برانچز کا افتتاح کیا گیا، 588 نئی بھرتیاں کی گئیں، 2022ء کے آخر تک 1.78 ارب روپے منافع حاصل ہونے کا امکان ہے، صدر

پونچھ ڈویژن کے بلدیاتی انتخابات

پونچھ ڈویژن میں 29 یونین کونسلوں میں پی ٹی آئی 10، پی ایم ایل این 6، پی پی پی 5، آزاد امیدوار 5 اور جے کے پی ایل 1 نشست پر آگے

پونچھ ڈویژن کی 787 نشستوں میں سے 708 کے نتائج موصول، پی ٹی آئی 229 نشستوں کے ساتھ پہلے، پی ایم ایل این 129 کے ساتھ دوسرے، پی پی پی 104 کے ساتھ تیسرے، جے کے پی 28 نشستوں کے ساتھ چوتھے نمبر پر

ضلع کونسلوں کی چیئرمین شپ کیلئے پونچھ اور حویلی میں پی ٹی آئی، ضلع پرشوتھ راولاکوٹ اور ضلع پرشوتھ باغ میں پی پی پی آگے، پی ٹی آئی کا بھی اچھا امکان

11 بلدیاتی حلقوں میں ضمنی انتخابات کا تحریک انصاف کو فائدہ، پی ٹی آئی کا 5 حلقوں میں کامیابی کا امکان

مظفرآباد و پونچھ ڈویژن میں 11 بلدیاتی حلقوں میں ضمنی انتخابات کا تحریک انصاف کو فائدہ، پی ٹی آئی کا 5 حلقوں میں کامیابی کا امکان

پاکستان سے زائد مدت ویزے والے غیر ملکیوں کیلئے آخری موقع

ایک سال سے زائد مدت ویزے والے غیر ملکیوں کیخلاف کارروائی ہوگی

کھائی گلہ، وادا ڈیک میں دو امیدواران میں برابر ووٹوں کا معاملہ

ریٹرننگ آفیسر نے جے کے پی پی کے امیدوار کو کامیاب قرار دیدیا

جے کے پی پی کی شاندار کامیابی خوش آئند ہے، بابو محمد عزیز

کامیاب امیدواران، جملہ کارکنان مبارکباد کے مستحق ہیں، بیان

کامل ہیں یا پاکستان سلوتھانے پر حملے

کیا زمداری واقعی شہادت کے قابل ہیں؟

سقوط مشرقی پاکستان کا سبق

masohailajk@yahoo.com

راولپنڈی ،معروف پارلیمنٹرین بیگم نجمہ حمید سپرد خاک

نماز جنازہ میں مرکزہ سیاسی و سماجی شخصیات کی بھرپور شرکت

چوہدری محبت کی رکن قانون ساز اسمبلی کا سربراہ مقرر کیے جانے پر مبارکباد دی گئی

سربراہ مقرر کرنے کی تقریب میں ان کی دستار بندی کی گئی اور ان کے چچا امیر زمان نے ان کے سر پر خاندان کے سربراہ کی پگ رکھی

میرے والد مرحوم ایک خوبصورت شخصیت تھے ایک بہترین والد تھے میں آج جو کچھ بھی ہوں اپنے والد ین کی دعاؤں سے ہوں، خطاب

پاکستان سینئر صحافیوں کی گورنر ہاؤس میں سے ملاقات، اہم امور پر تبادلہ خیال

بلدیاتی انتخابات 2022ء پونچھ ڈویژن کے چاروں اضلاع کی یونین کونسلوں میں پارٹی پوزیشن

بلدیاتی انتخابات 2022ء پونچھ ڈویژن کے چاروں اضلاع کی یونین کونسلوں میں پارٹی پوزیشن

بلدیاتی انتخابات 2022ء ضلع پونچھ کی یونین کونسلوں میں پارٹی پوزیشن

بلدیاتی انتخابات 2022ء ضلع سدھنوتی کی یونین کونسلوں میں پارٹی پوزیشن

بلدیاتی انتخابات 2022ء ضلع باغ کی یونین کونسلوں میں پارٹی پوزیشن

بلدیاتی انتخابات 2022ء ضلع حویلی کی یونین کونسلوں میں پارٹی پوزیشن

ماہنامہ کشمیر دھرتی کی ادارتی پالیسی کا انگلیکٹ سے متفق ہونا ضروری نہیں ادارہ کا مضمون نگار کے خیالات سے متفق ہونا ضروری ہے۔ ادارہ میں شائع ہونے والے مضامین کے حقوق ادارہ کے پاس محفوظ ہیں۔

Editorial ایڈیٹوریل

نئے چیف آف آرمی سٹاف پر بھاری ذمہ داریاں

سردار پرویز افضل ایڈووکیٹ

پاکستان کی سیاست ہمیشہ ہی آرمی چیف کے گرد گھومتی رہی ہے، لیکن جتنی گزشتہ سال یا چھ ماہ سے گھومتی رہی اتنی کبھی بھی نہ تھی۔ یوں تو ایک حقیقت کے طور پر پاکستان کی سیاست سے تعلق یا دلچسپی رکھنے یا علم رکھنے والا ہر شہری یہ جانتا تھا کہ آرمی حکومتوں کو گرانے یا بنانے میں اہم کردار ادا کرتی تھی اور ہے۔ لیکن یہ چیز ہر شہری اور ہر فرد پر اب عیاں ہو چکی ہے کہ آرمی کا سیاست میں اہم کردار رہا ہے اور شاید ہو بھی۔ پھر خصوصاً اٹھارویں آئینی ترمیم کے بعد طریقہ کار تبدیل ہو گیا اور اس کا کریڈٹ بظاہر آصف علی زرداری کو جاتا ہے جس نے آئینی طور پر صدر کا اختیار محدود کر دیا اور فوج کا راستہ بھی روکنے کی کوشش کی۔ لیکن یہ بھی حقیقت ہے کہ سیاست دان آرمی کو اس حد تک لے جاتے رہے ہیں کہ وہ ملکی سیاست میں دخل اندازی کریں اور ایوب خان سے لے کر ضیاء اور مشرف تک سیاستدان ان کی حکومت میں خود بھی شامل ہوتے اور کردار ادا کرتے رہے۔

باجوہ دور میں جو کچھ دیکھنے میں آیا ایسا کسی ملٹری رجیم نہیں بھی نہیں دیکھا گیا۔ یہ پوری ایک تاریخ ہے، ایک کالم میں اس کا تفصیل سے بیان کرنا آسان نہیں ہے۔ لیکن مختصراً بھی اگر جائزہ لیں تو جنرل باجوہ نے خوب جی بھر کر سیاست میں کردار ادا کیا۔ جنرل صاحب نے 44 سالہ فوجی کریئر اور 6 سالہ عسکری قیادت کر کے بالآخر آخری خطاب میں نہ صرف یہ کہ سیاست میں کردار ادا کرنے کا اعتراف کیا بلکہ سیاستدانوں کو بھی صحیح آئینہ دکھایا اور تمام تر ذمہ داری ان پر ڈال دی۔

موصوف نے الوداعی خطاب میں جہاں شہداء کی خدمات کو خراجِ تحسین پیش کیا بلکہ سکونت مشرقی پاکستان پر بھی ڈالی۔ لیکن کیا ہی اچھا ہوتا کہ وہ آخری خطاب میں زبانی الزامات لگانے یا بقول ان کے انہوں نے حقائق عوام کے سامنے رکھنے کے بجائے محمود الرحمٰن کو رپورٹ شائع کر دینے پر بحث ہی ختم ہو جاتی۔ بہر حال ہم جنرل باجوہ کو الوداع کہتے ہیں، بھلے وہ تیسری ٹرم کی حسرت دل میں لئے اربوں کے اثاثوں کے الزام کیساتھ ہم سے الوداع ہو گئے۔ اللہ ان کا حامی و ناصر ہو اور راقم کے پاس اس سلسلہ میں مزید کچھ کہنے کو کوئی ثبوت ہے نہ علم، البتہ سیاستدانوں کو اُنہوں نے تنبیہ کی ہے کہ مل بیٹھ کر معاملات چلائیں اور اس کے بعد رانا ثناء اللہ بھی عمران خان کو دعوت دیتے نظر آئے کہ آؤ بھی ہمارا حصہ بن جاؤ۔

لیکن مشکل یہ ہے کہ جنرل باجوہ صاحب پی ڈی ایم لئے مستقل مشکلات پیدا کر گئے ہیں۔ اُنہوں نے رجیم چینج کر کے اور سزا یافتہ لوگوں کو عوام پر مسلط کر کے ملک کے ساتھ ظلم کیا ہے۔ عمران خان کو اتنا مضبوط لیڈر بنا گئے اور پبلک کو بھی اس حد تک واقف کر گئے کہ اب میاں برادران کے بس کی بات نہیں رہی وہ یا زرداری صاحب آپس کی حد تک سب کچھ کر سکیں گے لیکن عمران کا سیاسی طور پر مقابلہ نہیں کر سکیں گے اور عمران ان سے ہاتھ ہرگز نہیں ملائے گا خواہ وہ سیاست میں خدانخواستہ رہے یا نہ رہے۔

اب ہم آتے ہیں نئے چیف آف آرمی سٹاف جنرل عاصم منیر کی طرف جو پہلی مرتبہ ہمارے علم کے مطابق حافظ قرآن اور بیشمار اعزازات سے لیس آج 29 نومبر سے دنیا کی بہترین فوج کی کمان سنبھالیں چکے ہیں، ان کو پاکستان اور ملک بھر کے عوام و خواص خوش آمدید کہتے ہیں اور ان سے توقع رکھتے ہیں اور دُعا گو ہیں کہ وہ پاک آرمی کو ملکی سیاست سے علیحدہ رکھنے کے ساتھ ساتھ اس کے وقار میں اضافہ کریں گے۔ وہ ملکی سرحدوں کے ساتھ ساتھ سیاست کی صرف نگرانی کے فرائض ادا کرتے رہیں گے اور ملک سے کرپشن کو ختم کرنے کے لئے اپنی چھڑی استعمال کرتے رہیں گے۔ یہ گریز نہ کریں گے کہ مشکل کام ہے لیکن پاکستان کے سیاست دان ان کا سہارا لینے کے عادی ہیں یہ جلدی جلدی خود رائے راست پر نہیں آئیں گے اور آپکا روّیہ دیکھ کر آپکی مسکراہٹ دیکھ کر فیصلے کریں گے۔ عوام کیا چاہتے ہیں ان کو اس کی پرواہ نہیں ہو گی اور لالچ کی انتہاء ہو چکی ہے کہ 3 بار اقتدار انجوائے کرنے کے بعد چوتھی بار بھی لینا چاہتے ہیں اور دوسرے کو باری بھی پوری نہیں کرنے دینا چاہتے۔ اقتدار اپنا اور اپنی فیملی کا حق سمجھتے ہیں۔ ہونا تو یہ چاہیے کہ سیاست دان خود کو آئین اور قانون کے مطابق کام پر لگائیں اور سب کچھ اپنے کنبے اور اپنی حد تک نہ رکھیں بلکہ دوسروں کا حق بھی تسلیم کریں اور خاندانی سیاتس کو اب خیر باد کہیں۔ یہ ملک اسلامی جمہوریہ پاکستان ہے اس کی تشریح آپ کو صرف چیف آرمی سٹاف ہی بتا سکتے ہیں۔ چند خاندانوں کی جاگیر نہیں ہے۔

عوام کے حقوق ان کو بلا تخصیص دیئے جانے ضروری ہیں۔ ہر شہری کی بہتری اور فلاح و بہبود اور تعلیم و صحت جیسی سہلوتیں ہر شہری کا حق اور سیاست کا نقطہ نظر ہونا چاہیے۔ اپنا خاندان، اپنی پارٹی اور اپنا ورکر ہی سامنے نہیں ہونا چاہیے بلکہ میرٹ اور صحیح معنی میں بلا تخصیص سب کا خیال رکھنا ضروری ہے۔

چیف آف آرمی سٹاف کا تقرر پہلی مرتبہ میرٹ پر ہوا جس سے ہر شہری کی حوصلہ افزائی ہوئی ہے اور ماضی گواہ ہے کہ یہی سیاست دان اپنا پسندیدہ آدمی سامنے لاتے اور چنتے رہے ہیں اور بالآخر ان کی توقعات پر وہ پورا نہ اتر سکے۔ چونکہ اُنہوں نے ادارہ کو دیکھنا ہوتا ہے نہ کہ سیاست دان یا ان کی کرپشن کو تحفظ دینا...... اس میں کوئی شک نہیں کہ ہمارے سیاست دانوں نے بہت مایوس کیا ہے۔ ذوالفقار علی بھٹو، بینظیر اور عمران حکومت کو موقع ہی نہیں ملا کہ وہ مزید کچھ کر سکتے۔ عمران خان کو ٹرم پوری نہیں کرنے دی گئی جو غلط ہے۔ ہمارے عوام و خواص کی سوچ تبدیل ہونا ضروری ہے۔ اس کے لئے جناب چیف آف آرمی کی توجہ کی ضرورت ہو گی۔ آپ کی بھارتی ذمہ داری ہے اور بہت سے چیلنجز بھی ہیں جن کا سامنا بھی عسکری قیادت ہی کو کرنا ہو گا۔ یہی ملک میں اندرونی خلفشار، معیشت کی بحالی اور سیاسی استحکام کا لانا بنیادی طور پر سول گورنمنٹ اور خصوصاً پی ڈی ایم کی حکومت کے بس میں نہیں ہو گا۔ یہاں فوج ہی کی ذمہ داری ہو گی اور بالآخر نیوٹرل نہیں رہ سکے گی۔ یقیناً مداخلت کرنی پڑے گی۔ اگر گھر میں آگ لگی ہو تو مالک دیکھتا ہی نہیں رہے گا بلکہ اُسے بجھانے کی کوشش ضرور کرے گا۔ لیکن غیر جانبدارانہ انتخابات کروانا بھی میری رائے میں موجودہ عسکری قیادت ہی کی مدد سے ممکن ہوں گے اور ضروری ہیں۔ ورنہ ملک میں امن و سکون محال رہے گا۔ انتخابات میں شفافیت لازمی ہے۔

آخر میں عرض ہے کہ یہ راقم کی اپنی رائے ہے غلط ہے یا صحیح اگر کوئی راہنمائی کرنا چاہے تو خوشی ہو گی۔ ایک شہری ہونے کے ناطے کالم لکھا ہے جو راقم لکھنا اپنا فرض سمجھتا ہے۔ راقم نے کسی کو ٹارگٹ نہیں بنایا ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆

اسٹیٹس کو بمقابلہ تنویر الیاس

تبدیلی
سرفراز خان

لوکل گورنمنٹ الیکشن کے پہلے مرحلے کے انعقاد نے ان تمام افواہوں اور خدشات کو دفن کر دیا جو وزیر اعظم آزاد جموں و کشمیر تنویر الیاس کے ہر حال میں الیکشن کرانے کے اعلان اور وفاق کا سیکیورٹی مہیا کرنے کے انکار کے بعد پیدا ہوئے تھے اور جنہیں اپوزیشن نے ناسازگار حالات، نئی قانون سازی اور عمران خان کے چھبیس نومبر کے راولپنڈی میں احتجاج کی کال کو جواز بنا کر پے در پے پریس کانفرنسیں کر کے خوب ہوا دے کر بے یقینی کی صورت حال پیدا کر دی تھی۔ یہ آزاد جموں و کشمیر کے تاریخ میں ہونے والے ساتویں بلدیاتی الیکشن ہیں اس سے پہلے 1960، 1968، 1979، 1983، 1987 اور 1991 میں بلدیاتی الیکشن ہوئے۔ پاکستان کی سیاست میں اتار چڑھاؤ کا اثر آزاد کشمیر میں بھی دکھائی دیتا ہے اسی لئے جب جب پاکستان میں بلدیاتی الیکشن کا انعقاد ہوا تو اس کی جھلک آزاد کشمیر میں زیادہ تر فوجی ادوار میں نظر آئی مگر جب جنرل مشرف نے پاکستان میں بلدیاتی الیکشن کروائے اور ضلعی حکومتوں کے ذریعے اقتدار اور وسائل کو گراس روٹ لیول تک منتقل کیا اور پہلی بار منتخب عوامی نمائندے کو ضلعی سربراہ بنا کر طاقتور ضلعی حکومتوں کے نظام کے ذریعے ناظمین اور منتخب نمائندوں کو اختیارات دے کر طاقتور بیوروکریسی اور ڈی سی سسٹم کے خاتمہ کے بعد فنڈز کی نچلی سطح پر ڈائریکٹ فراہمی سے پاکستان کے شہروں اور دیہاتوں میں ترقیاتی کام ہوتے نظر آئے، اس وقت بھی کشمیری قوم بلدیاتی الیکشن اور اس کے ثمرات سے محروم رہی۔ اس وقت مسلم کانفرنس کے پہلی بار منتخب ہونے والے وزیر اعظم سردار عتیق احمد نے اپنے انتخابی منشور میں بلدیاتی الیکشن کرانے کا وعدہ کیا تھا جو کبھی وفا نہ ہوا، اسی طرح بعد میں منتخب ہونے والی پی پی اور ن لیگ کی حکومتوں نے بھی اقتدار کو نچلی سطح پر منتقل کرنے کے وعدے اور دعوے اعلانات کی حد تک ہی محدود رکھے۔

جمہوری حکومتیں پاکستان میں بلدیاتی الیکشن نہ کرانے کے ہمیشہ بہانے ہی تلاش کرتی رہی ہیں اور اعلیٰ عدالتوں کے حکم پر مجبور ہو کر الیکشن کرواتی رہی ہیں جس کی سب سے بڑی وجہ صوبائی اور قومی اسمبلی کے منتخب ایم این ایز اور ایم پی ایز انتظامی اور مالی اختیارات اپنے ہاتھ میں رکھ کر مالی اور سیاسی فائدے اٹھاتے ہیں، چھوٹے بڑے ترقیاتی کاموں کے لیے ٹھیکے اپنے دوستوں، رشتے داروں یا ان لوگوں کو دیتے ہیں جو ان کو ووٹ کی صورت میں سپورٹ مہیا کرتے ہیں اور پھر عوام کو یہ بھی جتاتے بھی نظر آتے ہیں کہ میں نے فلاں فلاں گلیوں اور نالیوں کی مرمت، رابطہ سڑکیں و پلوں کی تعمیر، فلاں ڈسپنسری اور پانی کے منصوبے لگانے جیسے بے شمار کارنامے سرانجام دیے ہیں اور اس لئے میں ہی آپ کے ووٹ کا صحیح حقدار ہوں۔ بالکل یہی ڈھنگ آزاد کشمیر کے سیاستدانوں اور قانون ساز اسمبلی کے ممبران کا رہا ہے۔ تین دہائیوں تک آزاد جموں و کشمیر کے لوگوں کو بلدیاتی انتخابات سے محروم رکھ کر نہ صرف نئی اور باصلاحیت قیادت کے راستے بند کیے گئے بلکہ علاقائی تعمیر اور ترقی سے بھی عوام کو محروم کیا گیا اور اپنے اپنے چیلے چانٹوں کو ریوڑیاں بانٹ کر اصل جمہوریت کا گلا بھی گھونٹے رکھا جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ کئی پروجیکٹس گزشتہ دو دو تین تین دہائیوں سے التوا کا شکار ہیں۔ تیس سال پہلے اور آج میں زیادہ تر معاملات زندگی کی سہولتوں میں کوئی واضح فرق نہیں، تب بھی گاؤں و دیہات کی خواتین پینے کے پانی کے حصول کے لئے مٹکے سر پر اٹھائے دو تین کلو میٹر کا سفر کرتیں تھیں، بہتر تعلیم کے لئے لوگوں کو اپنے بچوں کو پاکستان کے مختلف شہروں میں بھیجنا پڑھتا تھا، علاج کے لئے راولپنڈی اور اسلام آباد کا رخ کرنا پڑھتا تھا، روزگار کے لئے پاکستان کے شہروں یا بیرون ملک سفر کرنا پڑھتا تھا اور آج بھی ایسی ہی صورت حال ہے۔ جس کی ایک وجہ تو پاکستان کی دم توڑتی معیشت اور دوسری اور بڑی وجہ آزاد کشمیر کے روائیتی سیاست دان ہیں جنہوں نے ریاست کی عوام کے لئے عوام دوست پالیسیوں کے بجائے اسٹیٹس کو قائم رکھا اور پورے سسٹم پر قابض رہے اور نام نہاد جمہوریت کے ثمرات اپنے تک ہی محدود رکھے۔ عوام کے لئے ملنے والے ترقیاتی فنڈ بھی لوکل گورنمنٹ کے منتخب نمائندے نہ ہونے کی وجہ سے اپنے ہی کنٹرول میں رکھے اور عوام کی فلاح پر خرچ نہ کئے۔ گزشتہ تین دہائیوں سے الیکشن نہ کروانے سے عوام کی محرومیاں تو اپنی جگہ مگر سب سے بڑا نقصان نئی عوامی قیادت کا خلا ہے۔

آزاد کشمیر میں بھی موجودہ بلدیاتی الیکشن کے لئے دو بار سپریم کورٹ آف آزاد کشمیر نے اپنے فیصلے میں الیکشن کے فوری انعقاد کی ہدایات جاری کیں جس کے نتیجے میں پی ٹی آئی کے سابق وزیر اعظم عبدالقیوم نیازی نے انتخات کی راہ کو ہموار کرنے کے لئے عملی اقدامات کیے جنہیں موجودہ وزیر اعظم تنویر الیاس نے ساری اپوزیشن جماعتوں کی مخالفت اور وفاق کی عدم دلچسپی کے باوجود پایا تکمیل تک پہنچا کر عام آدمی کے لئے سیاست میں اپنی جگہ بنانے اور اپنے اپنے گاؤں، دیہات اور ٹاؤنز کی بھلائی اور ترقی کے لیے مواقع فراہم کرنے کے لئے ان تمام الیکشن مخالف اور اسٹیٹس کو کو قائم رکھنے والی قوتوں سے ٹکرا کر خود کو روایتی سیاست دانوں اور جمہوریت دشمن عناصر سے الگ اور ممتاز کر دیا ہے۔ سردار تنویر الیاس آزاد کشمیر کی سیاست نئے ضرور ہیں، انھیں پی ٹی آئی آزاد کشمیر کے اندر اور بیرون پارٹی سیاسی ٹھیکے داروں سے شدید مخالفت اور دولتمند ہونے پر تنقید کا سامنا ہے مگر بلدیاتی الیکشن کے انعقاد کے فیصلے پر جو پختگی انہوں نے دکھائی ہے وہ قابل داد ہے اور یہ آزاد کشمیر کی سیاست میں ایک تاریخی قدم ہے۔ جس کے مثبت اثرات آنے والے وقتوں میں نظر آئیں گے۔

تنویر الیاس، نام امر ہو گیا

دھواں
سردار اشتیاق احمد آتش

بلدیاتی نظام کی بحالی اور بلدیاتی انتخابات کا انعقاد ایک ایسا بڑا کارنامہ ہے جیسے آزاد ...

الیاس نے پہلی بار، کسی مرکزی یا مرکزی پارٹی کی سپورٹ نہ ہونے کے باوجود اپنا رنگ ...

جو مسلم کانفرنس کے بعد اس دوسری پارٹی کو نمایاں ہونے میں بڑی مدد دے گی، ابھی میر پور ڈویژن کا انتخابی مرحلہ باقی ہے، مگر مظفر آباد اور پونچھ ڈویژن کے کچھ آزاد ...

شاہ غلام قادر کی وجہ سے عام انتخابات میں ن لیگ کا بکھر جانے والا ووٹ پھر اکٹھا ہوتا نظر آ رہا ہے، مسلم کانفرنس اور جماعت اسلامی نے اچھا خاصا کم بیک کیا ہے، جو ...

اے عالم دُنیا کشمیریوں پر بھارتی مظالم پر تم کیوں خاموش ہو؟ ہم اپنے غازیوں اور شہداء کو کیسے بھولیں۔ شہداء کے وارث زندہ ہیں

صوبیدار محمد اسلم (ریٹائرڈ)

دُنیا کے منصفو، سلامتی کے ضامنوں 75 سال سے تم اگر اپنی منظور شدہ قرار دادوں پر عمل نہیں کروا سکے تو پھر کشمیری شہداء کے خون کو مذاق تو نہ سمجھو، جھوٹے وعدے نہ کرو۔ آج سے 75 سال قبل 1947ء کشمیریوں نے ...

خان نے انقلابی حکومت کا اعلان کر دیا۔ غازی ملت بانی صدر آزاد کشمیر منتخب کیے گئے۔ اگر آپ تاریخ کے آئینے میں دیکھے تو کشمیر ...

صرف اپنی ذات تک سوچنے پر محدود ہے۔ بھارت ہمیشہ سے پاکستان کے اندر دہشت گردی کر رہتا ہے۔ کلبھوش بھارتی حاضری سروس آفیسر بھی پاکستان کی جیل میں موجود ہے۔ افغانستان میں بھارت نے کتنے مظالم ...

میں اس عہدے پر فائز ہوئے۔ چوہدری خان محمد خان اور صوبیدار حسین خان جب جنگ سے واپس آئے۔ صوبیدار خان محمد خان نے دُنیا کو آزادی کی طرف دیکھا۔ انہوں نے یہاں کے کشمیریوں کو بیدار کیا۔ دُنیا ...

آزاد کشمیر بلدیاتی الیکشن کس کی جیت...؟

آگہی
عمر فاروق
aagahi313@gmail.com

... لابیاں بھی متحرک رہیں، درپردہ قومی سلامتی کے اداروں کو بہت بھڑکایا گیا کہ بلدیاتی الیکشن سے قیامت ٹوٹ پڑے گی۔ قوم پرست سیاسی منظرنامہ پر چھا جائیں گے۔ پاکستان کے خلاف سیاسی فضا بن جائے گی۔ لہذا وہ اپنا اثر و رسوخ استعمال کر کے ...

اس کے علاوہ بلدیاتی انتخابات میں حصہ لینے والے امیدواران کا مسلمان ہونا اور ختم نبوت پر یقین رکھنے کا حلف جمع کروانا بھی ضروری قرار دیا گیا تھا جو کہ ایک خوش آئند بات تھی۔ اس کے ساتھ ساتھ اسلامی نظریہ پاکستان کی تخلیق کی بنیادی وجہ قرار دیکر اس پر یقین اور ...

اعتراضات دور کرنے کے حوالے سے مثبت کردار اور وزیر اعظم آزاد کشمیر سردار تنویر الیاس کا بلدیاتی الیکشن پر اصرار اور عزم مصمم نے یہ اہم ترین مرحلہ مکمل کروایا یوں تاریخ میں سردار تنویر الیاس کی حکومت کا یہ بہت بڑا کارنامہ ...

... اس کے ساتھ ساتھ نوجوانوں کو بغاوت اور تنفر کرنے کی سازشیں ختم ہوں گے نئی قیادت نئی سوچ کے ساتھ ریاست کی ترقی کے لیے کام کرے گی وسائل کی منصفانہ تقسیم ہو گی، روزگار کے راستے تلاش کیے جائیں گے۔

تمام مضانین نیک نیتی سے شائع کیے جاتے ہیں، کالم نگاروں کی آراء سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں......(ادارہ)

بقیہ 1

اور انتظامی ڈھانچے کے حوالہ سے تفصیلی بریفنگ دی۔اس موقع پر وفد کے سوالات کا جواب دیتے ہوئے سینئر موسٹ وزیر خواجہ فاروق احمد نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف کی حکومت نے 31 سال بعد بلدیاتی انتخابات کا انعقاد عمران خان کے ویژن اور مشن کی تکمیل ہے۔ وفاقی حکومت کی جانب سے آزاد کشمیر کے بجٹ میں کٹوتی سے آزاد کشمیر کے اندر تعمیر وترقی اور حالیہ جاری منصوبہ جات متاثر ہوئے ہیں۔وزیر اعظم آزاد کشمیر سردار تنویر الیاس خان ذاتی کوششوں سے آزاد کشمیر میں بلدیاتی انتخابات ہوئے ہیں۔ ہمارا مقصد بلدیاتی انتخابات کے ذریعے اقتدار کی نچلی سطح پر منتقلی کرنا ہے تاکہ لوگوں کے بنیادی مسائل انکی دہلیز پر حل ہوں۔ انہوں نے کہا آزاد کشمیر میں پڑھے لکھے لوگوں کی تعداد پنجاب سے زیادہ ہے ہماری حکومت کی اولین ترجیح تعلیم اور صحت ہے۔جس پر ہماری حکومت نامساعد حالات کے باوجود کام کر رہی ہے۔ آزاد کشمیر کے ڈاکٹر، انجینئر پاکستان سمیت پوری دنیا میں اپنے پیشہ ورانہ فرائض سرانجام دے رہیں جو پاکستان کی نیک نامی کا باعث ہیں۔ مضبوط اور مستحکم پاکستان ہی تکمیل کشمیر کی ضمانت ہے۔اس موقع پر وفد کے سوالات کا جواب دیتے ہوئے وزیر خزانہ عبدالماجد خان نے کہا کہ ہندوستانی فوج مقبوضہ وادی میں نہتے کشمیریوں پر ظلم و بربریت کے پہاڑ توڑ رہی ہے۔ مودی سرکار نے ہندوستان پالیسی پر عمل کرتے ہوئے ریاست جموں وکشمیر سے آرٹیکل 375 اور A35 کا خاتمہ کر کے مقبوضہ کشمیر کی ڈیموگرافی تبدیل کرنے کی کوشش کی ہے۔ ہماری ماؤں، بہنوں، بیٹیوں کی عصمت دری کی جا رہی ہے، نوجوانوں کو شہید کیا جا رہا ہے۔مودی سرکار گجرات میں کیئے گئے مسلمانوں کے قتل عام کو کشمیر میں بھی دہرا رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ ریاست جموں کشمیر کے لوگ گزشتہ سات دہائیوں سے بھارتی ظلم و جبر کا مقابلہ کر رہے ہیں اس کی مثال دنیا میں نہیں ملتی۔ جب تک کشمیریوں کو اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق انہیں انکا بنیادی حق خودارادیت نہیں مل جاتا کشمیری چین سے نہیں بیٹھیں گے۔وہاں کے لوگ آج بھی سبز ہلالی پرچم میں دفن ہوتے ہیں۔ لائن آف کنٹرول پر بسنے والے کشمیری پاکستانی فوج کا پہلا حصار ہیں۔ ہم امید کرتے ہیں کہ پاکستان کی حکومت سیاسی اختلافات سے بالاتر ہو کر بین الاقوامی سطح پر مسئلہ کشمیر کو اجاگر کرے گی۔ آزاد کشمیر میں سیاحت اور ہائیڈل کا پوٹینشل موجود ہے اور ہر سال لاکھوں کی تعداد میں سیاح آزاد کشمیر آتے ہیں۔ تقریب کے اختتام پر وفد کے سربراہ بریگیڈیئر ساجد نے حکومت آزاد کشمیر کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ نیشنل ورکشاپ بلوچستان میں مختلف مکتبہ ہائے فکر سے تعلق رکھنے والے لوگوں کو شامل کیا گیا ہے اور انہیں لائن آف کنٹرول کا دورہ کروانے کا مقصد پاکستان کے سماجی اور معاشی حالات سے آگاہی دینا ہے۔ تقریب کے اختتام پر قانون ساز اسمبلی اور وفد کے سربراہ کو شیلڈ ز بھی پیش کی۔

بقیہ 2

منتظر تھے، انہوں نے جسد خاکی پر پھولوں کی پتیاں نچھاور کیں، قبلہ پیر سید امتیاز حسین شاہ بخاریؒ کو سہ پہر کو احاطہ دربار شریف میں نماز جنازہ ادا کرنے کے بعد والد گرامی قبلہ پیر سید صابر حسین شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے پہلو میں ہزاروں سوگواروں کی موجودگی میں سپرد خاک کر دیا گیا، نماز جنازہ ان کے صاحبزادے صدر تحریک منہاج القرآن برطانیہ انٹرنیشنل صاحبزادہ پیر سید علی عباس شاہ بخاری نے پڑھائی جبکہ ان کے داماد سجادہ نشین دربار عالیہ بنڈ ہور شریف صاحبزادہ پیر سید اکرام حسین شاہ بخاری نے دعا فرمائی، نماز جنازہ میں سابق وزیر اعظم سردار عبدالقیوم نیازی، سابق سینئر وزیر ملک محمد نواز خان، سینئر قانون دان ملک زراعت خان ایڈووکیٹ، چیف ایڈیٹر صدائے چنار محمد امجد چوہدری، سابق امیدواران اسمبلی ملک محمد یوسف، ذوالفقار علی ملک، بیرسٹر اسرار احمد ملک، سردار آفتاب انجم، نائب ناظم اعلیٰ منہاج القرآن انٹرنیشنل انجینئر رفیق نجم، صدر تحریک منہاج القرآن آزاد کشمیر سید ابرار حسین شاہ، سجادہ نشین دربار عالیہ دندلی شریف پیر سید تنویر حسین شاہ بخاری، سید تفضل حسین شاہ بخاری، کرنل ریٹائرڈ سید تصویر حسین شاہ، صاحبزادہ سید غفور حسین شاہ المعروف مستانہ، صاحبزادہ سید افتخار حسین شاہ، علامہ پیر سید منور حسین شاہ سمیت دیگر مشائخ عظام، علمائے کرام، سیاسی سماجی شخصیات، مریدین وعقیدت مندوں اور عوام علاقہ نے ہزاروں کی تعداد میں شرکت کی، اس موقع پر منعقدہ تعزیتی ریفرنس سے سابق وزیر اعظم سردار عبدالقیوم نیازی، نائب ناظم اعلیٰ منہاج القرآن انٹرنیشنل انجینئر رفیق نجم، صدر تحریک منہاج القرآن آزاد کشمیر سید ابرار حسین شاہ، علامہ پیر سید منور حسین شاہ، سابق امیدواران اسمبلی ذوالفقار علی ملک، ملک محمد یوسف، سردار آفتاب انجم اور دیگر مقررین نے خطاب کرتے ہوئے انکی خدمات پر خراج عقیدت پیش کیا اور ان کے داماد صاحبزادہ پیر سید اکرام حسین شاہ بخاری، صاحبزادے پیر سید علی عباس شاہ بخاری، سمیت جملہ سوگواران سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا، اور کہا کہ قبلہ پیر سید امتیاز حسین شاہ بخاریؒ تاریخ ساز شخصیت تھے، مخلوق خدا سے بڑا پیار کرنے والے تھے، ملنسار، خوش اخلاق، خوش گفتار جیسی اعلیٰ صفات کے بھی مالک تھے، اپنے بزرگوں کے مشن کو جاری ساری رکھا، اور اپنی اولاد انتہائی اچھے انداز میں تربیت کی ہے، نماز جنازہ کے اجتماع میں ہزاروں کی تعداد میں لوگوں کی شرکت ان کے ساتھ والہانہ عقیدت ومحبت کا اظہار ہے، دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ قبلہ پیر سید امتیاز حسین شاہ بخاریؒ کے درجات بلند فرمائے، اس موقع پر قائد منہاج القرآن ممتاز عالم دین پروفیسر ڈاکٹر محمد طاہر القادری کا تعزیتی پیغام بھی سنایا گیا آخر پر صاحبزادہ پیر سید اکرام حسین شاہ بخاری، صاحبزادہ پیر سید علی عباس شاہ بخاری نے تمام احباب کا شکریہ ادا کیا، اس دوران ان کے مریدین وعقیدت مند دھاڑیں مار کر روتے رہے۔

بقیہ 3

قومی ادارہ برائے صحت (این آئی ایچ) کی جانب سے جاری کردہ تازہ ترین اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 6 ہزار 704 کورونا ٹیسٹ کیئے گئے جن میں سے 17 افراد کے کورونا ٹیسٹ مثبت آئے۔ اس طرح گزشتہ 24 گھنٹوں میں کیئے گئے مثبت کورونا ٹیسٹ کی شرح 0.25 فیصد رہی، مزید برآں اس دوران کورونا وائرس سے کوئی بھی مریض جاں بحق نہیں ہوا جبکہ 24 مریضوں کی حالت تشویشناک ہے۔

بقیہ 4

اضلاع کی انتظامیہ اور امیدواروں کے اقدامات لائق تحسین ہیں حالیہ انتخابات کے بعد نہ صرف اقتدار نچلی سطح پر منتقل ہوگا بلکہ عوام کے مسائل مقامی اور ضلعی سطح پر حل ہوں گے حلقہ پانچ پونچھ سے جے کے پی پی کے چار امیدواروں کی کامیابی باعث مسرت ہے ان سب کو کامیابی پر مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

بقیہ 5

کا مزید کہنا ہے کہ پی ٹی آئی وقت ضائع کیے بغیر پنجاب اور خیبر پختونخوا کے صوبائی انتخابات کے لیے جائے گی۔ پی ٹی آئی رہنما کا یہ بھی کہنا ہے کہ قومی اسمبلی کے انتخابات بعد میں ہوں گے۔

بقیہ 6

آجکل انٹرویوز کے ذریعہ خود سے اسٹیبلشمنٹ کے دھوکہ کا ناٹک کھیل رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار احسن اقبال نے اتوار کے روز ٹوئٹر پر جاری اپنے بیان میں کیا۔ احسن اقبال کا کہنا تھا کہ یہ حقیقت سب کو معلوم ہے کہ 2018 میں آرٹی ایس سسٹم بٹھا کر اسٹیبلشمنٹ انتہا کا ایکسپوز کر کے انہیں برسر اقتدار لائی۔ اس پاداش میں وہ انہیں کامیاب کرانے کے لئے ان کے ہر طرح کے نخرے اٹھاتی رہی، انکی نالائقیوں کو کور کرتی رہی، انکو مخالفین اور میڈیا کا گلہ گھونٹنے کی کھلی اجازت ملی، سپریم کورٹ نے اپنے فیصلے روندنے پہ آنکھیں بند رکھیں مگر جب نیازی صاحب فیل در فیل ہوتے رہے اور اسکا ملبہ اسٹیبلشمنٹ پر ناقابل برداشت ہو گیا تو اس نے ان سے فاصلہ اختیار کرنے کا فیصلہ کر لیا۔

بقیہ 7

صادق نے کہا کہ میں نے راولپنڈی بورڈ سے پرائیویٹ میٹرک کی سند کو جعلی قرار دینے والے خود جعلی لوگ ہیں تمام ثبوت جلد میڈیا کے سامنے رکھوں گا میری جیت سازشیوں کو ہضم نہیں ہو رہی جلد ہی سازشی بے نقاب ہوں گے میرے ووٹرز، سپورٹرز بے فکر رہیں ان شاء اللہ جلد ثبوت عوام کے سامنے بھی پیش کروں گا جس کے بعد دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی ہو جائے گا یاد رہے کہ گزشتہ روز پی ٹی آئی کے سابق امیدوار اسمبلی حلقہ چھ جہلم ویلی زیشان حیدر نے مبینہ طور پر شیخ صادق پر الزام عائد کیا تھا کہ ان کی میٹرک کی سند جعلی ہے زیشان حیدر کا یہ موقف جہلم ویلی بھر میں سوشل میڈیا پر ٹاپ پر رہا 24 گھنٹوں کی خاموشی کے بعد نومنتخب ضلع کونسلر شیخ صادق نے اپنے موقف میں پی ٹی آئی موقف کو مسترد کرتے ہوئے اپنی میٹرک کی سند کو اصلی قرار دیا دریں اثناء جہلم ویلی بھر میں متعدد جیتنے اور ہارنے والے امیدواران کی جانب سے بھی جعلی اسناد جمع کرائے جانے کی اطلاعات سامنے آرہی ہیں عوامی حلقوں نے مطالبہ کیا ہے کہ الیکشن کمشن کامیاب امیدواروان کے ساتھ ساتھ ہارنے والے امیدواران کی اسناد بھی چیک کرائے جنہوں نے جعلی اسناد لگا کر قانون کی خلاف ورزی کی ہے، دریں اثناء اس سے قبل یونین کونسل چکوٹھی سے دوسرے نمبر پر آنے والے پی ٹی آئی امیدوار برائے ضلع کونسل راجہ عاطف خان نے کہا کہ ہمیں پہلے سے پتا تھا کہ ن لیگ کے امیدوار شیخ صادق کی سند جعلی ہے ہم الیکشن جیت رہے تھے اس لیے ہم نے اگنور کیا حالیہ الیکشن میں بدترین دھاندلی اور سابق وزیر اعظم راجہ فاروق حیدر کی بھرپور مداخلت کے باوجود مجھے صرف 70 ووٹوں سے ہرایا گیا آج الیکشن کمشن اور راولپنڈی بورڈ نے ن لیگ کے امیدوار کی سند کو باضابطہ جعلی قرار دے دیا جس سے ن لیگ بے ایمان، جعلساز اور نااہل ثابت ہوئی راولپنڈی بورڈ کے رول نمبر جس پر واویلا کیا جا رہا ہے دونوں اسناد کسی اور کے نام سے جاری ہیں 1985ء میں راولپنڈی بورڈ سے تمام اسناد اردو میں جاری ہوتی تھی یہ انگلش میں ہے، اس وقت کمپیوٹرائزڈ سند نہیں تھی ٹائپ رائٹر سے جاری ہوتی تھی میں عوام کا مشکور ہوں جنہوں نے مجھے بھرپور سپورٹ کیا مگر اس جعل ساز شخص اور جماعت نے مینڈیٹ پر ڈاکہ ڈالنے کی کوشش کی الیکشن کمیشن آزاد کشمیر اس شخص کے خلاف فوری مقدمہ درج کرتے ہوئے گرفتار کر کے نااہل قرار دے میں وزیر اعظم آزاد کشمیر سردار تنویر الیاس، زیشان حیدر کاظمی کا مشکور ہوں جنہوں نے مجھ پر اعتماد کا اظہار کیا۔

بقیہ 8

لیا ہے۔ ایس آئی اے ترجمان نے ایک بیان میں کہا ہے کہ ایک گھر سے تلاشی کے دوران 29 لاکھ روپے کی بھاری نقد رقم برآمد کی گئی اور اس کے ساتھ پاس بکس، چیک بک اور ڈیجیٹل آلات جیسے موبائل فون اور دیگر اشیا کو ضبط کیا گیا۔ ایس آئی اے کے اہلکاروں نے بھارتی پیراملٹری اہلکاروں کے ساتھ مل کر مقبوضہ جموں وکشمیر میں حریت رہنماؤں، انسانی حقوق کے کارکنوں، صحافیوں یہاں تک کہ عام لوگوں کے گھروں پر چھاپے مارے اور چھاپوں کے دوران مکینوں کو ہراساں کیا۔ ایس آئی اے کشمیریوں کو جھوٹے مقدمات میں پھنسانے اور انہیں سزا دینے کے لیے بدنام ہے اور مقبوضہ علاقے میں اس کے چھاپے ایک انتقامی پالیسی ہے تاکہ حریت رہنماؤں اور کارکنوں کی آواز کو خاموش کیا جائے۔ ایک رپورٹ کے مطابق مودی کی فسطائی بھارتی حکومت نیشنل انویسٹی گیشن ایجنسی) این آئی اے (، اسٹیٹ انویسٹی گیشن ایجنسی) ایس آئی اے (اور انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ جیسے تحقیقاتی اداروں کو کشمیریوں کو دبانے اور ہراساں کرنے کے لیے ہتھیار کے طور پر استعمال کر رہی ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ بھارتی ایجنسیاں حریت پسند کشمیریوں کے عزم کو توڑنے کے لیے انہیں جھوٹے مقدمات میں پھنسا رہی ہیں لیکن وہ اپنے مذموم عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گی اور کشمیری عوام حق خودارادیت کے حصول کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھیں گے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ کشمیریوں کو بغیر کسی جرم کے سیاسی نظریات کی بنیاد پر سلاخوں کے پیچھے ڈالا جا رہا ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ کشمیریوں کے خلاف جھوٹے مقدمات درج کرنا مودی حکومت کی بوکھلاہٹ کا نتیجہ ہے۔

بقیہ 9

وکوتو نے جو بھارت میں انٹرنیشنل فلم فیسٹیول کے پانچ رکنی جیوری کا حصہ تھے ایک ٹویٹ میں کہا کہ وہ اور ان کے دو ساتھی جج فیسٹول کی اختتامی تقریب میں جیوری کے چیئر پرسن ندو لیپڈ کے اس بیان کے ساتھ کھڑے ہیں جس میں انہوں نے فلم دی کشمیر فائلز کو محض پروپیگنڈا قرار دیا تھا۔ ینکو گوتو کی جانب سے ٹوئٹر پر پوسٹ کیے گئے ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ فیسٹیول کی اختتامی تقریب میں جیوری کے صدر ندولیپڈ نے جیوری کے ارکان کی جانب سے ایک بیان دیا جس میں کہا گیا ہے کہ ہم سب فلم دی کشمیر فائلز کو شامل کرنے پر پریشان اور حیران تھے جو ہمیں ایک بے ہودہ پروپیگنڈہ فلم محسوس ہوئی جو اس طرح کے ایک باوقار فلمی میلے کے فنکارانہ مسابقتی عمل کے لیے نامناسب ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم ان کے بیان پر قائم ہیں اور واضح کرنا چاہتے ہیں کہ ہم فلم کے مواد پر سیاسی موقف نہیں اپنا رہے تھے۔ ہم ایک فنکارانہ بیان دے رہے تھے اور یہ دیکھ کر ہمیں بہت دکھ ہوا کہ فیسٹیول کے پلیٹ فارم کو سیاست کے لیے استعمال کیا جا رہا ہے اور اس کے نتیجے میں ندولیپڈ پر ذاتی حملے کیے گئے۔ گوتو کے علاوہ جو آسکر کے لیے نامزد امیریکل پروڈیوسر ہیں، اس کے ٹویٹر ہینڈل پر پوسٹ کیے گئے بیان پر 53 ویں انٹرنیشنل فلم فیسٹول کے دو دیگر ججوں نے بھی دستخط کیے ہیں۔ وہ دستاویزی فلم ساز، فلم نقاد اور فرانس کے صحافی Javier Angulo Barturen اور فرانسیسی فلم ایڈیٹر پاسکل چاونس تھے۔ لیپڈ، گوتو، بارٹورن، چاوانس اور فلم ڈائریکٹر سدیپٹو سین جنہوں نے بنیادی طور پر بھارتی سنیما میں کام کیا ہے، جیوری میں شامل تھے۔ جب لیپڈ سے پوچھا گیا کہ انہوں نے ایک ایسی فلم کے بارے میں کیوں بات کی جسے ایوارڈ کے لیے منتخب نہیں کیا گیا تو لیپڈ نے بتایا کہ ہاں، بنیادی طور پر جیوری ایسا نہیں کرتی۔ انہیں فلمیں دیکھنا، ان کا مزہ لینا، ان کی خوبیوں کے بارے میں بات کرنا اور فاتحوں کا انتخاب کرنا ہوتا ہے۔ لیکن بنیادی طور پر دی کشمیر فائلز جیسی فلموں کو فلم فیسٹیول میں مقابلے کے سیکشن کا حصہ نہیں ہونا چاہیے۔ میں درجنوں تہواروں میں جیوری کا حصہ رہا ہوں، جن میں برلن، کانز، لوکارنو اور وینس میں منعقد ہونے والے بین الاقوامی میلے بھی شامل ہیں۔ میں نے ان میلوں میں کشمیر فائلز جیسی فلم کبھی نہیں دیکھی۔ جب آپ جیوری کو اس طرح کی فلم دکھاتے ہیں تو آپ انہیں مختلف طریقے سے برتاؤ کرنے پر مجبور کرتے ہیں۔ رواں سال 11 مارچ کو ریلیز ہونے والی فلم دی کشمیر فائلز کی ہدایت کاری وویک اگنی ہوتری نے کی تھی اور یہ فلم 1990 کی دہائی میں وادی کشمیر سے پنڈتوں کے اخراج پر مبنی ہے۔

بقیہ 10

افراد نے مجھے ووٹ نہیں دیا میری ان سے بھی کوئی ناراضگی نہیں اور اگر انہوں نے مجھے اس قابل نہیں سمجھا تو میں ان کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں اور دعا گو ہوں کہ انہوں نے جس قیادت کو منتخب کیا وہ ان کے اعتماد پر پورا بھی اترے اور ان کو درپیش مسائل سے نجات بھی دلوائے۔

بقیہ 11

کرنمایاں رہے۔ روسٹن چیز 55، بنکرامین چندر پال 45 اور الزاری جوزف 43 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔ آسٹریلیا کے نیتھن لائن نے 128 رنز دے کر 6 وکٹیں حاصل کیں۔ آسٹریلیا نے پہلی اننگز 4 وکٹ 598 رنز اور دوسری اننگز 2 وکٹ 182 رنز پر ڈیکلیئر کی۔ ویسٹ انڈیز کی ٹیم پہلی اننگز میں 283 رنز پر آؤٹ ہوئی تھی۔ میزبان آسٹریلیا کو 2 ٹیسٹ میچز کی سیریز میں ایک صفر کی برتری حاصل ہو گئی۔

بقیہ 12

سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ گورنمنٹ بوائز ہائی سکول گندی گراں اس علاقہ کا واحد ہائی سکول جس میں بچوں کے ساتھ بچیاں بھی تعلیم حاصل کر رہی ہیں۔ 17 سال گزرنے کے باوجود اس سکول کی عمارت تعمیر نہ ہو سکی ہے۔ ہر آنے والی حکومت نے اس سکول کی عمارت تعمیر کرنے کی یقین دہانی کروائی مگر الیکشن میں کامیاب ہونے کے بعد وہ اس علاقے کا رخ نہیں کرتے ہیں۔ ایک تنظیم کی مدد سے شیلٹر بنا کر دیے گئے جو ابھی منہدم ہو چکے ہیں۔ وزیر تعلیم دیوان علی خان چغتائی نے الیکشن سے قبل اس سکول کی عمارت کی تعمیر کی یقین دہانی کروائی مگر تاحال ان کا وعدہ پورا نہیں ہو سکا ہے۔ عمارت نہ ہونے کے باعث شدید سردی میں طلبہ وطالبات کھلے آسمان تلے تعلیم حاصل کرنے پر مجبور ہیں۔ عوام علاقہ گندی گراں، بلاسیٹھو، ٹلی نے وزیر تعلیم سے اپیل کی ہے کہ وہ اپنے وعدے کو پورا کرتے ہوئے ہائی سکول کی عمارت تعمیر کی جائے اور بچوں کیلئے الگ عمارت کی تعمیر یقینی بنائی جائے۔ ہر حکومت نے اس علاقے کے ساتھ سوتیلی ماں جیسا سلوک روا رکھا اور اس وقت سنگڑ شالی تمام تر بنیادی سہولیات سے محروم ہے۔ برف باری کے باعث عوام کا شہر سے رابطہ منقطع ہو جاتا ہے جس کے باعث عوام کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ عوام علاقہ نے وزیر اعظم، چیف سیکرٹری، وزیر تعلیم سمیت دیگر ذمہ داران سے مطالبہ کیا ہے وہ فوری طور پر سکول کی عمارت کی تعمیر کے ساتھ ساتھ طالبات کیلئے الگ ہائی سکول کی عمارت کی تعمیر کو یقینی بنائیں۔ درخواست ہے خدارا اس طرف توجہ دی جائے تاکہ برف اور سردی میں بچوں کی تعلیم میں رکاوٹ نہ ہوں۔ جیسا کہ جناب نے الیکشن کمپین میں وعدہ بھی کیا تھا کہ عمارات اور اداروں کی اپگریڈیشن کا۔ ابھی پھر بلدیاتی الیکشن میں پھر عوام نے ان مسائل کو مدنظر رکھ کر ہورے علاقہ سے پی ٹی آئی کو ووٹ دیے تاکہ اس علاقے کے مسائل دور ہو سکے جناب دیوان علی خان چغتائی صاحب عوام علاقہ کا مطالبہ ہے کہ ہمیں بوائز ہائی سکول کی عمارت ہر صورت میں دی جائے تاکہ ہمارے بچوں مشکلات سے نکل کر اعلیٰ تعلیم حاصل کر سکیں جناب کی سنگڑ شالی میں خصوصی توجہ کی بھی ضرورت ہے

بقیہ 13

سے 4 اور راولپنڈی سے 2 نئے کیسز بھی رپورٹ ہوئے ہیں۔ سیکرٹری صحت پنجاب نے کہا کہ رواں سال اب تک پنجاب میں ڈینگی سے 45 افراد انتقال کر چکے ہیں۔

بقیہ 14

ہے۔ ایف آئی اے کے ترجمان کے مطابق مالی فراڈ میں ملوث ان 5 ملزمان کو وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کے مختلف مقامات سے گرفتار کیا گیا ہے۔ ترجمان ایف آئی اے کا یہ بھی کہنا ہے کہ گرفتار پانچوں ملزمان کے خلاف پیکا ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کر لیا گیا ہے۔

بقیہ 15

حوصلے مزید بلند ہوئے ہیں، اتوار کو اپنے بیان میں کل جماعتی حریت کانفرنس آزاد جموں وکشمیر کے جنرل سیکریٹری شیخ عبدالمتین نے کہا کہ آرمی چیف جنرل عاصم منیر کے بھارت کو دوٹوک اور واضح پیغام سے بھارتی ایوانوں میں لرزہ پیدا ہوا ہے اور اس سے مظلوم کشمیریوں کو ایک نیا حوصلہ ملا ہے، انہوں نے کہا کہ بھارت اپنے مذموم عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہوگا مقبوضہ کشمیر میں بھارتی فوجی مظالم کشمیریوں کی جدوجہد میں رکاوٹ نہیں بن سکتے، بھارت کی مودی سرکار نے کشمیریوں کو ہر طرف سے ناکہ بندی کر کے انہیں طرح طرح کے مشکلات میں مبتلا کر رکھا ہے نوجوانوں کی گرفتاریاں جاری ہیں، حریت رہنماؤں اور تحریک حامی لوگوں کے گھروں پر چھاپے مارے جا رہے ہیں کشمیری قیادت جھوٹے مقدمات میں پابند سلاسل ہے بھارت نے مقبوضہ علاقے میں ریاستی دہشت گردی کا بازار گرم کر رکھا ہے، عالمی برادری اپنے مفادات کی خاطر خاموش تماشائی کا کردار ادا کر رہی ہے بھارت کو کوئی پوچھنے والا نہیں اور اس سے کشمیر میں کشمیری عوام پر مظالم ڈھانے پر کھلی ڈھیل مل چکی ہے اور اب وہ کشمیریوں کی شناخت کو مٹانے کے لئے ان کی ثقافت پر حملہ آور ہوا ہے، حریت کانفرنس کے رہنماء نے کہا کہ جموں وکشمیر ایک متنازعہ علاقہ ہے اور بھارت اپنی فوجی طاقت کے ذریعے اس پر قابض ہے اور عالمی برادری کو گمراہ کرنے کے لئے مختلف حربے آزما رہا ہے، شیخ عبدالمتین نے پاک فوج کے سپہ سالار کے اس بیان کا خیر مقدم کیا ہے جس میں انہوں نے کہا تھا کہ بھارت اپنے مذموم عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہو سکے گا۔ بین الاقوامی دنیا کو انصاف یقینی بنانا چاہیے اور کشمیری عوام کو اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حق خودارادیت دیئے جانے کا وعدہ پورا کیا جائے، انہوں نے کہا کہ بھارت کو حقائق تسلیم کرتے ہوئے کشمیری عوام کے ساتھ کیئے گئے وعدوں کو پورا کرنا چاہیے اور پوری دنیا کے باضمیر لوگوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ کشمیر میں ہونے والی ناانصافیوں کے خلاف اپنی آواز بلند کریں، اور کشمیریوں کو حق خودارادیت دلانے میں اپنا کردار ادا کریں

بقیہ 16

کنول ایڈووکیٹ عرفان ظریف سردار وحید حسین کو اس شاندار کامیابی پر پاکستان پیپلز پارٹی کے ممبر سنٹرل ایگزیکٹو کونسل سردار ابرار حقانی حلقہ پانچ کے صدر ڈاکٹر محمد شیراز خان سابق چیف آرگنائزر سردار سجاد خان نے مشترکہ بیان میں ان کو مبارکباد پیش کی ہے۔ اور کہا ہے کہ بلدیاتی نظام کی بہتری اور عوامی مسائل کے حل کے لئے آپ ایک فعال کردار ادا کریں گے۔ انہوں نے مشترکہ بیان میں کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی ضلع پونچھ کے ڈسٹرکٹ کونسل اور وارڈ کونسل کے تمام کامیاب امیدواروں کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ پی ڈی ایم کے پلیٹ فارم پر کامیاب ہونے والے تمام امیدواروں کو بھی مبارک باد دیتے ہوئے پاکستان پیپلز حلقہ پانچ سے ڈسٹرکٹ کونسل کے اور وارڈ کونسل کے جن امیدواروں نے دو اور ایک پولنگ سٹیشن جیتا ہے اور پاکستان پیپلز پارٹی کے ساتھ ثابت قدمی سے کھڑے رہے ہیں۔ ان سب کو اور پاکستان پیپلز پارٹی کے تمام کارکنوں کو بھی مبارک باد دی ہے۔ اور کہا کہ ان شاء اللہ مستقبل پاکستان پیپلز پارٹی کا ہی ہوگا

بقیہ 17

گا، کیونکہ حکومت کی کورٹ میں ہے، سیاست آباد کریں یا برباد کریں مفتاح ان کی معیشت کا پوسٹ مارٹم کر رہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار شیخ رشید احمد نے اتوار کے روز ٹوئٹر پر جاری اپنے بیان میں کیا۔ شیخ رشید احمد کا کہنا تھا کہ چار، چار وزراء ملکر بھی بیانات دیں تو کوئی ان کی بات نہیں سنتا حکومت عوام میں جانے کے قابل نہیں ہے الیکشن سے فراری الیکشن کی تیاری کریں۔ جبکہ اپنے ایک اور ٹویٹ میں شیخ رشید احمد نے پاکستان مسلم لیگ (ن) کی سینئر رہنما اور شعبہ خواتین کی سابق صدر اور وفاقی وزیر برائے اطلاعات ونشریات مریم اورنگزیب کی خالہ اور رکن قومی اسمبلی طاہرہ اورنگزیب کی بہن بیگم نجمہ حمید کے انتقال پر اظہار تعزیت کیا ہے۔ اپنے بیان میں شیخ رشید احمد کا کہنا تھا کہ بیگم نجمہ حمید کے انتقال پر انتہائی افسوس ہوا اللہ پاک انہیں جنت الفردوس میں جگہ دے اور ان کے لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین۔

بقیہ 18

ایک ناقابل بھروسہ شخص ہیں ان پر اعتماد کرنا حماقت کے سوا کچھ نہیں۔ ان خیالات کا اظہار خواجہ سعد رفیق نے اتوار کے روز ٹوئٹر پر جاری اپنے بیان میں کیا۔ خواجہ سعد رفیق کا کہنا تھا کہ عمران کی تکلیف اور درد قابل فہم ہے، وہ اقتدار میں رہنے اور اپنے مخالفین کو ٹھکانے لگانے کیلئے طاقتور حلقوں کی بلائنڈ سپورٹ چاہتے تھے جو بدترین گورننس اور کرپشن کے باعث انہیں حاصل نہ رہ سکی۔ مطلق العنان حکمرانی کے خواب چکنا چور ہوئے تو عمران اور انکے سہولت کار پھٹ پڑے۔ خواجہ سعد رفیق کا کہنا تھا کہ اقتدار سے باہر کرا کے اپنے کالے کرتوت پکڑے جانے کا خوف پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کو کسی طرح چین لینے نہیں دے رہا۔ وہ حسب عادت اپنے محسنوں اور سرپرستوں کو ننگی گالیاں دے رہے ہیں اور ان پر غلیظ الزامات لگا رہے ہیں مگر انکی آتش انتقام بجھنے کا نام ہی نہیں لے رہی۔ ایسے طوطا چشم محسن کش پالیشیے پہلی بار دیکھے اور سنے ہیں۔

بقیہ 19

سموار میٹنگز کا انعقاد کیا گیا جس میں 19670 شرکاء، زمینداران نے شرکت کی جبکہ 39784 زمینداران مستفید ہوئے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ سردار جاوید ایوب نے کہا کہ آج کا دورہ زراعت پولٹری، لائیو سٹاک کی بڑھوتی سے ہی معاشی مشکلات کا خاتمہ ہو سکتا ہے۔ عوام لائیو سٹاک پولٹری، زراعت کے مسائل سامنے لائیں ان کے حل کیلئے خاطر خواہ اقدامات کیے جا رہے ہیں محکموں کے آفیسران ہمہ وقت عوام کو ان کی دہلیز پر سہولیات کی فراہمی کے لیے کام کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ لوگوں کا ملازمتوں پر رجحان کم کرنے کے لیے زراعت، لائیو سٹاک، آبپاشی پر زیادہ توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ زرعی شعبہ کو آباد کرنے سے عوام کو روزگار کے مواقع میسر آئیں گے اور عوام کے گھریلو سطح پر معاشی مشکلات میں کمی آئے گی۔ لوگ کھیتی باڑی، زراعت اور مویشی پال حضرات ملکی ترقی میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ سوموار میٹنگز کے انعقاد کا مقصد کسانوں کے مسائل ان کی دہلیز پر حل کرنا ہے۔ عوام کھیتوں اور گھروں میں سبزیاں اگائیں دودھ، گوشت اور انڈوں کی پیداوار میں اضافہ کے لئے جدوجہد کریں تو ان کے مسائل میں خاطر خواہ کمی آسکتی ہے۔

بقیہ 20

شارجہ جانے کے لئے پہنچنے والے مسافر کے سامان سے 2 کلوگرام سے زائد آئس ہیروئن برآمد کر لی۔ اے ایس ایف کے ترجمان کے مطابق مسافر فرمان اللہ شارجہ جانے کے لئے جناح ٹرمینل پر پہنچا تھا جہاں اے ایس ایف کے عملے نے سامان کی تلاشی لی تو اس کے بیگ سے مہارت سے چھپائی گئی آئس ہیروئن برآمد ہوئی۔ اے ایس ایف کے عملے نے کھوج لگا کر منشیات برآمد کی اور سمگلنگ کی کوشش ناکام بنادی۔ مذکورہ مسافر کے بیگ سے مجموعی طور پر 2.068 کلوگرام آئس ہیروئن برآمد ہوئی ہے۔ ملزم کو ابتدائی تفتیش کے بعد برآمد شدہ منشیات سمیت مزید قانونی کارروائی کے لئے اے این ایف حکام کے حوالے کر دیا گیا۔

بقیہ 21

امجد علی خان نے میدان مار لیا ہے، غیر سمی وغیر سرکاری نتائج کے مطابق انہوں نے 13 سو سے زائد ووٹوں کی لیڈ سے کامیابی حاصل کر کے پونچھ ڈویژن میں ایک ریکارڈ قائم کر دیا ہے، سردار امجد علی خان کی کامیابی پر یونین کونسل سہڑہ درہ شیر خان میں جشن کا سماں ہے، ان کی کامیابی پر حامی تعداد میں باہر نکل آئے اور نومنتخب کونسلر سردار امجد علی خان کو لیکر ایک بڑا قافلے کی صورت پی ٹی آئی کے مرکزی سیکرٹریٹ سہڑہ پہنچے، جہاں پر سابق وزیر اعظم سردار عبدالقیوم نیازی بھی موجود تھے، اس موقع پران کے حامیوں نے زبردست جشن منایا، ڈھول کی تھاپ پر انکے حامیوں نے بھنگڑے ڈالے اور رقص کیا، پورا علاقہ میرج بموں اور نعروں سے گونج اٹھا، ادھر نومنتخب ڈسٹرکٹ کونسلر سردار امجد علی خان نے اہلیان یونین کونسل سہڑہ درہ شیر خان کی جانب سے ان پر بھرپور اعتماد کا اظہار کرنے پر شکریہ ادا کیا ہے اور اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ اہلیان یونین کونسل سہڑہ کی توقعات پر پورا اترنے کی ہر ممکن کوشش کرونگا اور یونین کونسل سہڑہ درہ شیر خان کی بہتری وترقی اور بنیادی مسائل کے حل کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کرونگا، اپنے تمام کارکنوں کو کسی میدان میں تنہا نہیں چھوڑوں گا میں ان کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑا تھا اور آئندہ بھی کھڑا رہوں گا۔

بقیہ 22

ہوں جنہوں نے مجھ پر اعتماد کرتے ہوئے مجھے ووٹ دیا لیکن اپنی ناکامی کی سب سے بڑی وجہ میں آزاد امیدوار کو سمجھتا ہوں جسے جموں کشمیر پیپلز پارٹی ہی کی جانب سے بطور آزاد الیکشن میں سامنے لایا گیا تھا ورنہ ہماری جیت یقینی تھی جس پر ان ذمہ داران پر جتنا افسوس کیا جائے وہ کم ہے۔ انہوں نے کہا کہ سنگھڑ اور چھپڑ ابن وارڈ ابھی بھی جے کے پی پی کا گڑھ ہے، اس کو یہاں سے ہرانا آسان بات نہیں ہے۔ بے شک پی ٹی آئی اور ن لیگ مل کر بھی ہمارا مقابلہ نہیں کر سکتی تھیں

بقیہ 23

کرتے ہوئے سفیر پاکستان مسعود خان نے کہا کہ امریکہ میں پاکستانی ڈاکٹرز کی کامیابی پاکستان کی کامیابی ہے۔ آپ ہمارے لئے باعث فخر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ امریکہ میں مقیم پاکستانی ڈاکٹر پاکستان میں مختلف شعبوں بشمول انسانی فلاح و بہبود کے منصوبوں، صحت عامہ، تعلیم، تحقیق و دیگر شعبوں میں سرمایہ کاری کر کے وطن عزیز کی تعمیر و ترقی میں اپنا حصہ ڈال رہے ہیں۔ انہوں نے پاکستانی طلبا کے امریکی جامعات میں داخلے کے حوالے سے پاکستانی ڈاکٹروں کی جانب سے فراہم کی جانے والی سہولت کاری اور رہنمائی کو بھی سراہا۔ مسعود خان نے کہا کہ امریکہ میں پاکستانی ڈاکٹر امریکی معاشرے اور امریکی انتظامیہ کے ساتھ اپنے تعلقات اور اثر و رسوخ کی بدولت دونوں ملکوں کے بارے میں باہمی تاثر کو بہتر کرنے اور دونوں ملکوں کی عوام کو ایک دوسرے کے قریب لانے کے حوالے سے کلیدی کردار ادا کر سکتے ہیں۔ انہوں نے مشکل کی ہر گھڑی میں پاکستانی ڈاکٹروں کی جانب سے عطیات اور خدمات کی فراہمی پر بھی انہیں خراج تحسین پیش کیا۔ مسعود خان نے امریکہ میں مقیم پاکستانی کمیونٹی کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ انہیں پاکستان پر مکمل بھروسہ رکھنا چاہیے۔ ہم انشاء اللہ کامیاب ہوں گے، ہم ماضی میں بھی سرخرو ہوتے رہے ہیں اور اب بھی کامیاب ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ 2047 تک انشاء اللہ پاکستان کا شمار دنیا کی دس بڑی معاشی قوتوں میں ہوگا۔ مذہبی آزادی کے حوالے سے امریکی عمومی سفیر رشد حسین نے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے امریکہ میں پاکستانی ڈاکٹروں کے کردار اور اپنے شعبے میں قائدانہ صلاحیتوں کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی ڈاکٹروں نے اپنی قابلیت اور خدمات کی بدولت امریکی معاشرے میں عزت کمائی ہے۔ رشد حسین نے کہا کہ جب بھی بہترین ڈاکٹروں کی بات ہوتی ہے تو پاکستانی ڈاکٹروں کا خیال آتا ہے، ہم مختلف شعبوں میں آپ کی مہارت سے مستفید ہوتے ہیں۔ رشد حسین نے کہا کہ وہ پاکستانی قوم کی صلاحیتوں، زبان، تہذیب، ثقافت، شاعری، قدرتی حسن اور جغرافیے کے دلدادہ ہیں۔ پاکستانی سفیر مسعود خان نے اپنا کے موجودہ صدر آصف محی الدین کو ان کے انتخاب پر مبارکباد دی اور امید ظاہر کی کہ تنظیم ان کی قائدانہ صلاحیتوں سے استفادہ کرے گی۔ انہوں نے اپنا کے سابق صدر رشید پراچہ، ڈی ایم وی چیپٹر کے صدر عرفان سعید اور ڈی ایم وی کے سابق صدر ڈاکٹر طیب رانا کی خدمات کو بھی سراہا۔

بقیہ 24

مسلم لیگ کارکنان اپنے ووٹ کی حفاظت کریں جماعت ان کی پشت پر کھڑی ہے پارٹی کی مضبوطی کیلئے ہر نوجوان اپنا کردار ادا کرے مسلم لیگ ن ایک منظم جماعت ہے، مسلم لیگ ن آزاد کشمیر میں ایک مضبوط قلعہ ہے، آزاد خطہ پر نااہل حکمرانوں کا ٹولہ مسلط ہے موجودہ حکومت نے ریاست کا ڈیڑھ سال ضائع کر دیا اس حکومت سے نجات ہی تمام تر مسائل کا واحد حل ہے آزاد کشمیر میں آئندہ دور پھر پاکستان مسلم لیگ (ن) کا ہے مسلم لیگ (ن) کو آزاد کشمیر کے اندر ناقابل شکست قوت بنانے میرا مشن ہے آزاد کشمیر میں گزشتہ الیکشن میں مسلم لیگ ن کو ایک سازش کے تحت پانچ سیٹوں تک محدود کیا گیا ووٹوں کے اعتبار سے پی ٹی آئی کو ساڑھے چھ لاکھ ووٹ پڑے اور ان کے پاس 29 سیٹیں ہیں جبکہ پیپلز پارٹی کو ساڑھے تین لاکھ ووٹ پڑے ان کو 12 سیٹیں دی گئی جبکہ مسلم لیگ ن کے پاس ساڑھے پانچ لاکھ ووٹ اور اس کو پانچ سیٹیں دی گئی۔ صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے شاہ غلام قادر نے مزید کہا کہ آزاد کشمیر کے اندر حکومت نام کی کوئی چیز نہیں، وزیر اعظم کابینہ کا اعتماد کھو چکے ہیں، تنویر الیاس کی حکومت کا جلد خاتمہ ہونے والا ہے، موجودہ حکومت نے آزاد کشمیر کے تشخص کو بری طرح پامال کیا ہے کارکن عام انتخابات کی تیاری کریں مسلم لیگ (ن) ثابت کرے گی کہ گزشتہ الیکشن میں مسلم لیگ (ن) کے مینڈیٹ پر ڈاکہ ڈالا گیا

روزنامہ کشمیر دھرتی راولاکوٹ
شہر...شہر...قریہ...قریہ...کی خبریں

تتہ پانی:۔سجادہ نشین دربار عالیہ جنجوڑہ شریف تتہ پانی قبلہ پیر سید امتیاز حسین شاہ بخاری کی نماز جنازہ ادا کی جارہی ہے۔

نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے وفد کا دورہ قانون ساز اسمبلی وزرائے حکومت کی بریفنگ

پی ٹی آئی کی حکومت نے 31 سال بعد بلدیاتی انتخابات کا انعقاد عمران خان کے ویژن اور مشن کی تکمیل

وزیراعظم آزادکشمیر سردار تنویر الیاس خان ذاتی کوششوں سے آزادکشمیر میں بلدیاتی انتخابات ہوئے ہیں، خواجہ فاروق

مظفرآباد(پی آئی ڈی) نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے 85 رکنی وفد کا آزاد جموں وکشمیر قانون ساز اسمبلی کا دورہ۔ حکومت آزادکشمیر کے سینئر موسٹ وزیر حکومت خواجہ فاروق احمد اور وزیر خزانہ عبدالماجد خان نے وفد کو آزاد جموں وکشمیر قانون ساز اسمبلی کے حوالہ سے بریفنگ دی۔ وفد میں سیاسی رہنماء و کارکنان، میڈیا، اہل علم اور نوجوانوں کے نمائندے شریک تھے جبکہ اس موقع پر سیکرٹری اطلاعات و آئی ٹی محترمہ مدحت شہزاد، سپیشل سیکرٹری اسمبلی طارق ضیاء عباسی و دیگر بھی موجود تھے۔ ڈپٹی سیکرٹری اسمبلی نثار حسین اعوان نے وفد کو قانون ساز اسمبلی کی تاریخ، آئینی اختیارات، قوانین (بقیہ 01 صفحہ 03 پر)

تتہ پانی، پیر امتیاز حسین بخاری کا جسد خاکی سپرد خاک

مختلف زعماء کی سینکڑوں کی تعداد میں نماز جنازہ میں شرکت، بخشش کیلئے دعائیں

تتہ پانی(دھرتی نیوز) سجادہ نشین دربار عالیہ جنجوڑہ شریف تتہ پانی قبلہ پیر سید امتیاز حسین شاہ بخاری رحمتہ اللہ علیہ جو گزشتہ روز برطانیہ میں انتقال کر گئے تھے، انکا جسد خاکی آبائی علاقے پہنچ گیا، اسلام آباد ایئرپورٹ اور کوٹلی سے ایک بڑے قافلے کی صورت میں آبائی علاقے لایا گیا راستے میں مختلف مقامات پر بڑی تعداد میں مریدین وعقیدت مند اور دیگر احباب انکے جسد خاکی کے پہنچنے کے (بقیہ 02 صفحہ 03 پر)

کورونا، 17 نئے کیسز رپورٹ، 24 مریضوں کی حالت تشویشناک

اسلام آباد (صباح نیوز) مہلک عالمی وبا کورونا وائرس کے باعث ملک بھر میں مزید 17 نئے کیسز رپورٹ ہوئے، 24 مریضوں کی حالت تشویشناک ہے۔ (بقیہ 03 صفحہ 03 پر)

مظفرآباد:۔حکومت آزادکشمیر کے سینئر موسٹ وزیر خواجہ فاروق احمد و دیگر بلوچستان کے وفد کے سربراہ کو شیلڈ پیش کر رہے ہیں۔

بلدیاتی انتخابات سے اقتدار نچلی سطح پر منتقل ہوگا عوام کے مسائل حل ہوں گے خالد اشرف

انتخابات کے دوسرے مرحلے میں جملہ عوام اور امیدواروں کو رواداری کا مظاہرہ کرنے پر مبارکباد پیش کرتے

چاروں اضلاع کی انتظامیہ اور امیدواروں کے اقدامات لائق تحسین، جے کے پی پی کے کامیاب امیدواروں کو مبارکباد

پانیولہ(نامہ نگار) سابق صدارتی مشیر سردار خالد اشرف نے آزادکشمیر کے بلدیاتی انتخابات کے دوسرے مرحلے میں جملہ عوام اور امیدواروں کو رواداری کا مظاہرہ کرنے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ طویل عرصے بعد عوام کو لوکل باڈیز کے انتخابات میں جانے کا موقع ملا جو مستحسن اقدام ہے تمام نواحی یونین کونسلوں سے منتخب ہونے والے ممبران ضلع کونسل اور لوکل کونسلرز کو مبارکباد پیش ہے اور توقع کی جارہی ہے کہ تمام نومنتخب کونسلرز عوامی فلاح و بہبود پر خاص توجہ دیں گے انہوں نے پونچھ ڈویژن کی جملہ انتظامیہ کو بھی پرامن صاف وشفاف انتخابات کروانے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ چاروں (بقیہ 04 صفحہ 03 پر)

مظفرآباد:۔ڈیموکریٹک تحریک فرنٹ کے چیئرمین چوہدری شاہین کے اعزاز میں تقریب سے مقررین خطاب کر رہے ہیں۔

عمران پر اعتماد کرنا حماقت کے سوا کچھ نہیں، سعد رفیق

مسلسل اعترافات کے بعد ثابت ہوچکا کہ وہ اسٹیبلشمنٹ کے مہرے ہی تھے

اسلام آباد(صباح نیوز) وفاقی وزیر برائے ریلوے و ہوابازی خواجہ محمد سعد رفیق نے کہا ہے کہ عمران نیازی کے مسلسل انکشافات واعترافات کے بعد ثابت ہوچکا کہ وہ اسٹیبلشمنٹ کے مہرے کے طور پر پاکستان پر مسلط کئے گئے، آئین جمہوریت اور انصاف سے انکا کبھی کوئی تعلق نہ تھا، وہ (بقیہ 18 صفحہ 03 پر)

کراچی: ڈاکٹر صغیر یارک شائر ادبی فورم (یو۔کے) کی طرف سے "اعتراف کمال" ایوارڈ لیتے ہوئے، اس موقع پر ڈاکٹر فہمیدہ حسن، غزل انصاری صدر یارک شائر ادبی فورم، ڈاکٹر ایاز محمود، ڈاکٹر افتاب مضطر اور پروفیسر خواجہ خورشید بھی موجود ہیں

عوامی مسلم لیگ کے سربراہ کا بیگم نجمہ کے انتقال پر افسوس

عمران خان 30 دسمبر تک الیکشن کی تاریخ لے گا یا اسمبلیاں توڑ دے گا، شیخ رشید

راولپنڈی(صباح نیوز) عوامی مسلم لیگ کے سربراہ اور سابق وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ عمران خان 30 دسمبر تک الیکشن کی تاریخ لے گا یا اسمبلیاں توڑ دے (بقیہ 17 صفحہ 03 پر)

ابرار حقانی کی پی پی کے کامیاب امیدواران کو مبارکباد

عوامی مسائل کے خاتمہ، حل کیلئے بھرپور کردار ادا کرنے کی بھی توقعات

ہورنہ میرہ (دھرتی نیوز) میونسپل کارپوریشن راولاکوٹ سے پاکستان پیپلز پارٹی کے کامیاب چاروں امیدواروں جن میں ضلعی پونچھ کے صدر سردار عامر خورشید میڈم نوشین (بقیہ 16 صفحہ 03 پر)

آرمی چیف کے بیان پر حریت کانفرنس کا خراج تحسین

جنرل عاصم منیر کا بیان کشمیریوں کے لئے نئی امید کی کرن ہے، خیر مقدم

اسلام آباد(کے پی آئی) کل جماعتی حریت کانفرنس نے پاکستان کے نئے آرمی چیف جنرل عاصم منیر کے بھارت اور کشمیر سے متعلق بیان کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاک فوج کے آرمی چیف کا بیان کشمیریوں کے لئے نئی امید کی ایک کرن ہے اور اس سے کشمیری عوام کے (بقیہ 15 صفحہ 03 پر)

پولٹری لائیوسٹاک زراعت کو فروغ دے کر معاشی مشکلات کا خاتمہ ممکن ہے سیکرٹری زراعت

آزادکشمیر کے زمینداروں کو ریلیف مل رہا ہے اور ان کے مسائل تیزی سے حل ہو رہے ہیں سیکرٹری زراعت

عوام کھیتوں اور گھروں میں سبزیاں آگائیں دودھ، گوشت اور انڈوں کی پیداوار میں اضافہ کے لئے جدوجہد کریں

مظفرآباد(صباح نیوز) آزادکشمیر کے سیکرٹری زراعت، لائیوسٹاک اسماء و آبپاشی سردار جاوید ایوب نے کہا ہے کہ وزیراعظم سردار تنویر الیاس، وزیر زراعت ولائیوسٹاک سردار میر اکبر کے ویژن کے مطابق سموار میٹنگز کے انعقاد سے مزید بہتری آئی ہے اور زمینداروں کو ریلیف مل رہا ہے اور ان کے مسائل تیزی سے حل ہو رہے ہیں محکمہ زراعت، لائیوسٹاک، آبپاشی نے اپنے توسیع سروس سٹاف کے ذریعے یونین کونسل میں واقع گاؤں کی سطح پر زمینداروں اور توسیع کارکنان کے درمیان مضبوط اور مسلسل رابطہ کاری کے لئے سموار میٹنگز کا انعقاد کیا جارہا ہے۔ جولائی، اگست، ستمبر، اکتوبر اور نومبر میں 3375 (بقیہ 19 صفحہ 03 پر)

تتہ پانی، پی ٹی آئی کے نامزد امیدوار امجد علی خان کامیاب

سو سے زائد ووٹوں کی لیڈ سے کامیابی، پونچھ ڈویژن میں ریکارڈ قائم

تتہ پانی(نمائندہ دھرتی) آزادکشمیر میں بلدیاتی الیکشن کے دوسرے مرحلہ میں انتخابی حلقہ ایل اے 18 عباس پور پونچھ 1 میں سابق وزیر اعظم سردار عبدالقیوم نیازی کی آبائی یونین کونسل سہڑہ درہ شیر خان سے انکے حمایت یافتہ اُمیدوار و پی ٹی آئی کے ٹکٹ ہولڈر سردار (بقیہ 21 صفحہ 03 پر)

کراچی، شارجہ جانیوالے مسافر سے 2 کلو آئس ہیروئن برآمد

کراچی (صباح نیوز) ایئرپورٹ سکیورٹی فورس (اے ایس ایف) کے عملے نے کراچی ایئرپورٹ پر کارروائی کرتے ہوئے (بقیہ 20 صفحہ 03 پر)

مظفرآباد:۔دیوان علی چغتائی ودیگر کا نومنتخب ڈسٹرکٹ کونسلر کے ہمراہ گروپ فوٹو۔

جموں کشمیر پیپلز پارٹی نے ہی اپنے نامزد امیدوار کی ہار میں کردار ادا کیا، سردار خالد محمود

چھپڑا بن سے جس امیدوار کو آزاد حیثیت میں الیکشن کیلئے کھڑا کیا گیا وہ بھی جموں کشمیر پیپلز پارٹی کی جانب سے ہی

میری جیت یقینی تھی، بہت محنت اور لگن سے کام کیا تھا مگر دونوں امیدواران کی صورت میں کسی ایک کی جیت بھی ناممکن تھی

ہورنہ میرہ (دھرتی نیوز) سابق نامزد امیدوار جموں کشمیر پیپلز پارٹی برائے لوکل کونسلر وارڈ سنگھوڑ / چھپڑا بن سردار خالد محمود نے کہا ہیکہ جموں کشمیر پیپلز پارٹی نے ہی جموں کشمیر پیپلز پارٹی کو شکست دی اور جیتنے والے امیدوار کی ہار میں اپنا کردار ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ چھپڑا بن سے آزاد امیدوار کی موجودگی میں نامزد امیدوار کی کامیابی کسی صورت ممکن نہیں ہوسکتی تھی اور جموں کشمیر پیپلز پارٹی کے ذمہ داران کی جانب ایک آزاد اور ایک نامزد امیدوار کسی صورت جیت نہیں سکتے تھے۔ انہوں نے کہا کہ الیکشن میں بہت محنت بھی کی اور بہت سارے لوگوں نے اعتماد کا بھی اظہار کیا اور میں ان تمام لوگوں کا شکرگزار (بقیہ 22 صفحہ 03 پر)

مظفرآباد:۔زلزلہ کو ایک طویل عرصہ گزر جانے کے باوجود بھی تباہ حال سکولز کی عمارت کا منظر۔

پارٹی ارکان کو انتخابات کی تیاری کا کہا گیا ہے، فواد چوہدری

عمران خان نے ممبران اسمبلی کو ہدایت کی ہے کہ حلقوں میں واپس پہنچیں

اسلام آباد(صباح نیوز) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما فواد چوہدری نے کہا ہے کہ پارٹی ارکان اسمبلی کو کہا گیا ہے فوری طور پر انتخابات کی تیاری کریں۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر جاری کیے گئے بیان میں فواد چوہدری نے کہا کہ عمران خان نے ممبران اسمبلی کو ہدایت کی ہے کہ حلقوں میں واپس پہنچیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ (پی ڈی ایم) انتخابات سے ایسے ہی بھاگتی رہی جیسے اب بھاگ رہی ہے تو ہم مزید وقت ضائع نہیں کریں گے۔ فواد چوہدری (بقیہ 5 صفحہ 03 پر)

عمران نیازی اسٹیبلشمنٹ کے دھوکے کا ناٹک کھیل رہے ہیں، احسن اقبال

اسلام آباد(صباح نیوز) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی وخصوصی اقدامات احسن اقبال نے کہا ہے کہ عمران نیازی (بقیہ 06 صفحہ 03 پر)

اسلام آباد، ایف آئی اے کی کارروائیاں، مالی فراڈ میں ملوث 5 ملزمان گرفتار

اسلام آباد(صباح نیوز) اسلام آباد میں ایف آئی اے کے سائبر کرائم سرکل نے مختلف کارروائیوں میں 5 ملزمان کو گرفتار کر لیا (بقیہ 14 صفحہ 03 پر)

پنجاب بھر میں ڈینگی کے 37 نئے کیسز رپورٹ

لاہور(صباح نیوز) پنجاب بھر میں ڈینگی کے 37 نئے کیسز رپورٹ ہوئے ہیں۔ سیکرٹری صحت پنجاب کے مطابق ڈینگی کے لاہور سے 18، فیصل آباد سے 7 اور گوجرانوالہ سے 6 نئے کیسز رپورٹ ہوئے، ڈینگی کے ملتان (بقیہ 13 صفحہ 03 پر)

مظفرآباد:۔خواجہ فاروق احمد بلوچستان کے وفد کو قانون ساز اسمبلی کا دورہ کروانے کے موقع پر بریفنگ دے رہے ہیں۔

میری فتح مخالفین کو ہضم نہیں ہو رہی ہے، شیخ محمد صادق

جھوٹی کہانیاں، افواہیں پھیلائی جارہی ہیں جس پر عدالت میں جاؤں گا

چناری(خصوصی رپورٹر) آزادکشمیر کے ضلع جہلم ویلی کی یونین کونسل چکوٹھی سے بلدیاتی الیکشن میں کامیاب ہونے والے مسلم لیگ ن کے نومنتخب ڈسٹرکٹ کونسلر شیخ محمد صادق نے کہا ہے کہ میری فتح مخالفین کو ہضم نہیں ہورہی ہے حقائق جب سامنے آئیں گے تو لگ پتہ جائے گا مخالفین شکست کے بعد بوکھلاہٹ کا شکار ہیں اس طرح کی جھوٹی کہانیاں پھیلا رہے ہیں یہ افواہیں پھیلانے والوں کو جلد عدالت لیکر جاؤں گا۔ صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے نومنتخب ڈسٹرکٹ کونسلر چکوٹھی شیخ محمد (بقیہ 07 صفحہ 03 پر)

زلزلہ کو 17 سال گزر گئے، عمارات تاحال عدم تعمیر کا شکار

یونین کونسل پاہل میں گندی گراں کے ہائی سکول کی عمارت تعمیر نہ ہوسکی

مظفرآباد(صباح نیوز) زلزلہ کو 17 سال گزر گئے، یونین کونسل پاہل کے نواحی علاقہ گندی گراں میں ہائی سکول کی عمارت تعمیر نہ ہوسکی۔ ایک تنظیم کی مدد سے شیلٹر بنا کر دئیے گئے مگر وہ بھی زنگ آلودہ ہوچکے ہیں اور بارش کا سارا پانی اندر داخل ہونے کے باعث طلبہ کو شدید مشکلات کا سامنا۔ گرلز ہائی سکول نہ ہونے کے باعث طالبات بھی اسی سکول میں تعلیم حاصل کرنے پر مجبور ہیں۔ گندی گراں میں 3 سے 4 ماہ مکمل برف پڑنے کے باعث طلبہ وطالبات کو تعلیم حاصل کرنے میں شدید دشواری کا (بقیہ 12 صفحہ 03 پر)

جیت ہار الیکشن کا حصہ، اعتماد کا اظہار کرنیوالوں کا شکرگزار ہوں، سردار خالد اسحق

ناکام ہونے کے باوجود بھی اپنی وارڈ کے جن لوگوں نے میری اہلیت اور صلاحیت کو سراہا انکا شکریہ ادا کرتا ہوں

جنہوں نے ووٹ نہیں دیا ان سے کوئی ناراضگی نہیں بلکہ ان کے لئے بھی دعا گو ہوں کا انکا انتخاب درست اور جاندار ہو

ہورنہ میرہ (دھرتی نیوز) سابق نامزد امیدوار جماعت اسلامی برائے لوکل کونسلر وارڈ ترنوٹی سردار خالد اسحق نے کہا ہیکہ میں ان تمام لوگوں کا دل کی عمیق گہرائیوں سے شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے مجھے اپنا قیمتی ووٹ دیا اور مجھ پر اعتماد کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ کامیابی اور ناکامی اس نظام کا حصہ ہے لیکن میں ناکام ہونے کے باوجود بھی سمجھتا ہوں کہ جن لوگوں نے میری اہلیت اور صلاحیت کو سراہا، مجھ پر اعتماد کا اظہار کیا اور مجھے یہ بتایا کہ وہ مجھے امامت کیلئے بہتر تصور کرتے ہیں میں ان کا ہمیشہ احسان مند رہوں گا اور ہار جانے کے باوجود بھی ہمیشہ ان کے شانہ بشانہ کھڑا رہوں گا۔ انہوں نے کہا کہ جن (بقیہ 10 صفحہ 03 پر)

آسٹریلیا نے پہلے ٹیسٹ میں ویسٹ انڈیز کو 164 رنز سے شکست دیدی

پرتھ(صباح نیوز) آسٹریلیا نے پہلے ٹیسٹ میچ میں ویسٹ انڈیز کو 164 رنز سے شکست دے دی۔ پرتھ میں کھیلے گئے پہلے ٹیسٹ میچ میں 498 رنز کے تعاقب میں ویسٹ انڈیز کی ٹیم 333 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ ویسٹ انڈیز کے کپتان کریگ بریتھ ویٹ 110 رنز بنا (بقیہ 11 صفحہ 03 پر)

شمالی کشمیر میں ایس آئی اے کی تلاشی مہم ابھی تک جاری

گھروں سے قیمتی سامان بھی ضبط، جھوٹے مقدمات ہتھیار کے طور پر استعمال

(بقیہ 08 صفحہ 03 پر)

بھارتی فلم دی کشمیر فائلز ایک بے ہودہ پروپیگنڈہ فلم قرار

53 ویں انٹرنیشنل فلم فیسٹیول کی جیوری کے مزید تین ارکان کی رائے

(بقیہ 09 صفحہ 03 پر)

چیف ایڈیٹر وپبلیشر عابد صدیق نے کوہسار پریس سے چھپوا کر بینک روڈ راولاکوٹ سے شائع کیا۔ فون 05824-445864، فیکس 05824-445865 ای میل dailydharti@gmail.com